

THE COLLEGE OF PHYSICIANS AND SURGEONS OF ONTARIO

# جنسی بدسلوکی کی شکایت کرنا

## کیا آپ کے ڈاکٹر نے اخلاقی حد عبور کرنے کی کوشش کی؟

مریض اور ڈاکٹر کا رشتہ اعتماد کی بنیاد پر ہوتا ہے۔ آپ کے ڈاکٹر کی جنسی بد سلوکی اس اعتماد کو ٹھیس پہنچاتی ہے۔ اور یہ کسی بھی طرح قابل قبول نہیں۔ ڈاکٹر اور مریض کے درمیان کوئی بھی جنسی طرز عمل جنسی بد سلوکی ہے۔

اگر آپ کے خیال میں آپ کے ڈاکٹر نے یہ حد پار کرنے کی کوشش ہے تو کالج آف فزیشنز اینڈ سرجنز آف اونٹاریو (College of Physicians and Surgeons of Ontario) آپ کی شکایت جاننا چاہے گا۔ آپ ہمیں 1-800-268-7096 ایکسٹینشن 629 پر کال کر کے اپنی شکایت درج کروانے کا عمل شروع کر سکتے ہیں۔

صوبے میں ڈاکٹرز کے پیشے کو منظم کرنے والے ادارے کی حیثیت سے کالج جنسی بدسلوکی کو ہرگز برداشت نہیں کرتا اور ہم ہر شکایت کی تحقیق کرتے ہیں۔

تاہم، آپ کے لیے سامنے آنا بھی مشکل ثابت ہو سکتا ہے۔ لہٰذا آپ کی مدد کے لیے ہم آپ کو یہ باور کرانا چاہتے ہیں کہ ممکنہ جنسی بدسلوکی کی شکایت کرنے کی کیا اہمیت ہے — اور ایسا کرنے کی صورت میں آپ کی کیا توقعات ہونی چاہییں۔

### جنسی بدسلوکی کی پہچان کیا ہے؟

طبی شعبے میں ڈاکٹر اپنے ہاتھوں سے آپ کے جسم کے مختلف حصوں کو چھوتے ہیں۔ بہت سے طبی معائنوں کے لیے یہ ضروری بھی ہوتا ہے (مثال کے طور پر، آپ کی مجموعی صحت کا جائزہ لینے کے لیے یا آپ کے کسی خدشے کی جانچ کے لیے)۔ ایسا ہو تو آپ کو ڈاکٹر سے یہ توقع کرنا چاہیے کہ وہ آپ کو بتائے گا کہ وہ کیا کرنے جا رہا/رہی ہے، چھونے اور سوالات کرنے سے پہلے اجازت لے اور آپ سے باعزت سلوک کرے۔ ڈاکٹروں سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ مریضوں کے ساتھ ہمیشہ پیشہ وارانہ اور اخلاقی رویہ اپنائیں۔

جنسی بدسلوکی اعتماد کی سنگین خلاف ورزی ہے اور مندرجہ ذیل پر مشتمل ہو سکتی ہے:

- **مریض کے ساتھ کسی بھی قسم کا جنسی طرز عمل**
- **غیر ضروری یا غیر مناسب جسمانی معائنہ۔**

مثالیں:

- آپ کی چھاتی، جنسی حصوں، پیٹھ یا کولہوں کو اس طرح چھونا کہ علاج یا معائنے کے لیے ضروری نہ ہو؛
- معائنہ طبی کی بجائے جنسی انداز میں انجام دینا؛ یا
- آپ کی اجازت یا آپ پر واضح کیے بغیر چھونا۔

***کیا ڈاکٹر کی کسی حرکت یا بات سے آپ غیر مطمئن ہیں؟***
*اگر آپ سمجھتے ہیں کہ اونٹاریو کے کسی ڈاکٹر نے آپ سے جنسی بدسلوکی کی ہے، تو 1-800-268-7096 ایکسٹینشن 629 پر کالج آف فزیشنز اینڈ سرجنز آف اونٹاریو سے رابطہ کریں۔*

- **غیر مناسب گفتگو، اشارے یا طرز عمل۔**

مثالیں:

- جنسی معني رکھنے والی گفتگو کرنا؛
- آپ کو ڈیٹ پر لے جانے کی پیشکش کرنا؛
- آپ کے جسم یا لباس کے حوالے سے جنسی نوعیت کی گفتگو کرنا؛
- آپ کے جنسی تعلقات یا جنسی رحجان پر غیر ضروری رائے دینا؛
- جنسی لحاظ سے توہین آمیز یا ہتک آمیز گفتگو کرنا یا لطیفے سنانا؛ یا
- غیر ضروری توجہ دینا (بوسہ کرنا یا گلے لگانا)۔

جب کوئی ڈاکٹر مریض کے ساتھ ان میں سے کچھ کرے تو اسے جنسی بدسلوکی کہا جائے گا۔

## اگر میں معترض نہیں تو؟

چاہے آپ معترض نہیں اور سمجھتے ہیں کہ اس میں آپ کی رضامندی شامل تھی، باوجود اس کے، قانون کی نظر میں ڈاکٹر کا طرز عمل/گفتگو غیر مناسب اور ناقابل قبول ہو گی۔

بعض اوقات، مریض ڈاکٹر کے طرز عمل پر احتجاج نہیں کرتے۔ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ ڈاکٹر کے ساتھ ذاتی/جنسی تعلق مریض نے خود قائم کیا ہو۔ لیکن اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔ ایسے معاملات میں مریض کی رضامندی جیسی کوئی چیز نہیں۔ بہر صورت، یہ مریض کی نہیں بلکہ ڈاکٹر کی ذمہ داری ہے کہ وہ صورتحال کو سمجھے اور مریض کے ساتھ تعلق کو اخلاقی حد میں رکھے۔

## میں کالج کو کیوں بتاؤں؟

جب کچھ اچھا نہ ہو رہا ہو تو یہ جاننے کے لیے کالج مریضوں پر انحصار کرتا ہے۔ اسی سے ہمیں لوگوں کا تحفظ کرنے میں مدد ملتی ہے۔ زیادہ تر، ہمیں جنسی بدسلوکی کے بارے میں شکایت کرنے والے مریضوں سے ہی پتہ چلتا ہے۔

جنسی بدسلوکی کے واقعات تن تنہا نہیں ہوتے، اور کالج کو مطلع کر کے آپ دوسروں کی بھی مدد کرتے ہیں۔ آپ کی معلومات کے ذریعے ہم مزید موثر انداز میں تحقیقات کر سکتے ہیں۔

اپنے ڈاکٹر کے ہاتھوں جنسی بدسلوکی کا نشانہ بننے کا آپ کو بھی فائدہ ہوتا ہے۔ اس سے آپ کو اطمینان کا احساس ہو گا۔ آپ کو علم ہو گا کہ کالج معاملے کو دیکھ رہا ہے اور کوئی کارروائی کرے گا۔

## میں کس کو بتاؤں؟

آپ اپنے خدشات پر بات کرنے کے لیے کالج سے رابطہ کر سکتے ہیں، یہ جان سکتے ہیں کہ ہم مزید کیسے آپ کی مدد کر سکتے ہیں اور/یا شکایت درج کروا سکتے ہیں۔ کالج سے رابطہ کرنے پر آپ کی بات ایک مدد گار عہدیدار سے ہو گی جو کہ سماجی خدمت کا تجربہ رکھتا ہے اور اسے جنسی بدسلوکی کا شکار مریضوں کی مدد کرنے کی تربیت دی گئی ہے۔ آپ **1-800-268-7096 ایکسٹینشن 629** پر کال کر سکتے ہیں۔

پہلی کال میں ضروری نہیں کہ آپ اپنا نام ہمیں بتائیں۔ آپ اپنے ساتھ ہونے والا واقعہ بیان کر سکتے ہیں اور کالج کا شکایت رفع کرنے کا طریقہ کار جان سکتے ہیں۔ اگر آپ چاہیں تو بنفسِ نفیس بھی ملاقات کر سکتے ہیں۔ اگر آپ باقاعدہ شکایت درج کروانا چاہیں تو ہم تحقیقات شروع کریں گے اور ہمارا سپورٹ عہدیدار سارے عمل میں آپ کی مدد کے لیے دستیاب رہے گا۔

## کیا ڈاکٹر کو میری شکایت کا علم ہو گا؟

اگر آپ شکایت درج کروانے کا فیصلہ کریں تو، جی ہاں۔ تحقیقات کے دوران، کالج ڈاکٹر کو آپ کا نام بتائے گا تاکہ وہ اپنا جواب دے سکے۔

## کیا میری شکایت کو سنجیدگی سے لیا جائے گا؟

کالج۔ جنسی بدسلوکی یا کوئی بھی دوسری شکایت کو سنجیدگی سے لیتا ہے۔ عوام کے تحفظ کرنے والے ادارے کی حیثیت سے ہم تمام شکایت کی اچھی طرح تحقیقات کرتے ہیں۔

## اگر میں شکایت کروں تو اسے نپٹانے کا طریقہ کار کیا ہے؟

شکایات سے نپٹنے کے طریقہ کار کی تفصیلات جاننے کے لیے آپ ہماری ویب سائٹ **cpso.on.ca** سے رجوع کر سکتے ہیں۔

## اگر میں ڈاکٹر کی جنسی بدسلوکی کا نشانہ ہوں تو کالج اور کس طرح میری مدد کر سکتا ہے؟

کالج ڈاکٹر کی جنسی بدسلوکی کا نشانہ بننے والے مریضوں کی تھیراپی یا کونسلنگ کے اخراجات کے لیے مالی مدد بھی کرتا ہے۔ شکایت درج کروانے کے بعد کالج کا پیشنٹ ریلیشنز کمیٹی (Patient Relations Committee) مدد کے لیے آپ کی اہلیت کا تعین کرے گی۔ اس حوالے سے مزید معلومات کے لیے **www.cpso.on.ca/therapy** سے رجوع کریں۔ یا 1-800-268-7096 ایکسٹینشن 211 پر کال کریں۔